2nd March 2020

پریس ریلیز

دی بینک آف پنجاب اور پی ایس پی اے میں شراکت کی توسیع

لاہور،26فروری2020: دی بینک آف پنجاب نے پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی (پی ایس پی اے) کے ساتھ پنجاب کے شہریوں کے لیے مالی معاونت کی خدمات جاری رکھنے کے معاہدے پر دستخط کئے۔ دی بینک آف پنجاب اس شراکت داری کے تحت حکومت پنجاب کی جانب سے پسماندہ طبقوں کی ترقی کے لیے سماجی گرانٹ کے منصوبوں کو برانچ لیس بینکنگ کی سہولت فراہم کررہا ہے۔فریقین کی جانب سے گزشتہ معاہدے کے تحت تین مختلف گرانٹ پروگراموں کے ذریع تقریباً 600,000 رجسٹرڈ افراد سہ ماہی گرانٹ ادائیگی کی سہولت سے مستفید ہورہے ہیں۔

نئے معاہدے کے تحت بی او پی وزیراعظم احساس پروگرام کے تحت موجودہ اورنئی سماجی گرانٹ سکیموں کو مالیاتی خدمات فراہم کرے گا جس کے لیے پی ایس پی اے ہیڈ آفس لاہور میں 26فروری2020 کو معاہدے پر دستخط کرنے کی تقریب منعقد ہوئی۔معاہدے پر ڈاکٹر شہنشاہ فیصل اعظم چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) پی ایس پی اے اور وقاص انیس سربراہ ڈیجیٹل بینکنگ گروپ نے دی بینک آف پنجاب کی جانب سے دستخط کیے۔

تقریب میں بی او پی ڈیجیٹل بینکنگ ٹیم اورآفیشلز نے شمولیت اختیار کی۔پی ایس پی اے کی جانب سے علی اسجد ملہی وائس چیئرمین پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی، وقارعظیم ڈائریکٹر پی ایس پی اے اورمحترمہ کرن فیصل، سربراہ کیش مینجمنٹ اینڈ برانچ لیس بینکنگ بی او پی نے بھی تقریب میں شمولیت اختیار کی۔